28/08/2025

09.25 AM(5 min)

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

اب آپ  شیخ انوار الحق سے خبریں سُنئے

موسم

کل بعد دوپہر موسم میں بہتری آنے کے ساتھ ہی جموں کشمیر کے
دریاو

---

ں اور ندی نالونمیں پانی کی سطح رفتہ رفتہ کم ہو رہی ہے اور لوگوں نے راحت کی سانس لی ہے ۔ۓ

لیفٹننٹ گورنر

لیفٹننٹ گورنر منوج سنہا نے کل جموں میں ایک اعلیٰ سطح کی میٹنگ کے دوران یوٹی میں انتظامیہ ، فوج ، ائیر فورس ، جموں کشمیر اور دیگرنیم فوجی دستوں کی طرف سے مسلسل بارشوں اور سیلابی صورتحال کے بعد پیدا شدہ حالات سے SDRF، NDRFپولیس ، نمٹنے کے لئے کئے جا رہے اقدامات کا جائزہ لیا ۔ انہوں نے متعلقہ حکام کو ہدایت دی کہ وہ متاثر ین کو ہر ممکن مدد دستیاب رکھنے میں کوئی بھی دقیقہ فروگزاشت نہ کریں ۔ اس سے پہلے لیفٹننٹ گورنر نے نارائنا اسپتال کٹھوعہ کا دورہ کر کے وہاں ماتا ویشنو دیوی استھاپن کے نزدیک پسی گر آنے کی وجہ سے زخمی ہوئے افراد کی عیادت کی ۔ بعد میں میڈیا کے ساتھ بات کرتے ہوئے انہوں نے کہا ۔

وزیر اعلیٰ

وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے جموں میں سیلاب سے متاثرہ علاقوں کا دورہ کر کے حالات کا جائزہ لیا ۔ انہوںنے افسروں کو ہدایت دی کہ وہ چوکس رہیں اور تمام لازمی خدمات کی بحالی کو یقینی بنائیں۔ اس موقعہ پر میڈیا کے ساتھ بات کرتے ہوئے انہوں نے کہا ۔

وزیر اعلیٰ ریلیف

دریں اثناءوزیر اعلیٰ نے ماتا ویشنو دیوی استھاپن کے نزدیک ہوئے حادثے میں از جان ہوئے افراد کے لواحقین میں سی ایم ریلیف فنڈ فنڈ میں سے چار لاکھ روپے فی کس امداد دینے کا اعلان کیا ۔ انہوں نے کہا کہ شدید زخمیوں SDRF میں سے دو لاکھ روپے فی کس اور کو ایک لاکھ روپے فی کس اور معمولی زخمیوں کو پچاس ہزار روپے فی کس امداد دی جائے گی ۔

ڈویژنل کمشنر

اِدھر ڈویژنل کمشنر کشمیر اَنشُل گرگ نے وادی کے مختلف علاقوں میں حالیہ بارشوں سے پیدا شدہ صورتحال کا میٹنگ کے دوران جائزہ لیا ۔ آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کرتے ہوئے انہوں نے کہا ۔

ڈاکٹر مختار احمد

سرینگر میں محکمہ موسمیات کے سربراہ ڈاکٹر مختار احمد نے تازہ موسمی صورتحال کے تعلق سے اب سے تھوڑی دیر پہلے آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کرتے ہوئے کہا ۔

سکول بند

دریں اثناءموجودہ موسمی صورتحال کے پیش نظر جموں کشمیر میں آج بھی احتیاط کے طور پر سبھی سکول ، کالج اور یونیورسٹیاں بند رہیں گی ۔

ڈپٹی کمشنر سرینگر

ڈپٹی کمشنر سرینگر اکشے لابرو اور سرینگر میونسپل کارپوریشن کے کمشنر فضل الحسیب نے کل شام لال منڈی ، کرسو راج باغ ، پادشاہی باغ ، پانتھہ چوک اور دیگر نشیبی علاقوں کا دورہ کر کے بارشوں سے پیدا شدہ صورتحال کا جائزہ لیا ۔

شاہراہ

ہمارے نمائندے نے خبر دی ہے کہ اگر چہ سرینگر جموں قومی شاہراہ پر موسم خوشگوار ہے تاہم حالیہ بارشوں کی وجہ سے مختلف مقامات پر پتھر اور پسیاں گر آنے کی وجہ سے شاہراہ فی الحال ٹریفک کی آواجائی کے لئے بند ہے ۔ انہوں نے ایس ایس پی ٹریفک نیشنل ہائی وے راجا عادل حمید کا حوالہ دیتے ہوئے کہا ہے کہ شاہراہ کو قابل آمد رفت بنانے کے لئے کوششیں ہنگامی بنیادوں پر جاری ہیں ۔

کنٹرول روم

نا ساز گار موسمی حالات سے پیدا شدہ صورتحال سے نمٹنے اور لوگوں کی راحت رسانی کے لئے وادی کے سبھی دس اضلاع میں دن رات کام کرنے والے کنٹرول روم قائم کئے گئے ہیں ۔ متعلقہ ڈپٹی کمشنروں سمیت مختلف محکموں کے اعلیٰ افسران صورتحال پر کڑی نظر رکھے ہوئے ہیں اور وہ لگاتار اپنے اپنے ماتحت علاقوں کا دورہ کر کے حالات کا جائزہ لے رہے ہیں ۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خبروں کا اگلا بلیٹن دن میں بارہ بج کر تیس منٹ پر اردو میں نشر ہو گا ۔

ہمیں دیجئے اجازت

خدا حافظ